Shabbir / Fazil

06-04-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- حکومت نے، مانگ پوری کرنے کیلئے 5 کلو گرام کے LPG سلنڈرس کی سپلائی میں اضافہ کر دیا ہے۔ حکومت نے کہا ہے کہ ایندھن کی بلا رکاوٹ سپلائی کو یقینی بنانے، سمندری سرگرمیوں کا تحفظ کرنے اور مغربی ایشیاء میں بھارتی باشندوں کی مدد کو یقینی بنانے کیلئے جامع اقدام کیے جا رہے ہیں۔

2- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے، ایران اور متحدہ عرب امارات کے اپنے ہم منصبوں اور قطر کے وزیر اعظم کے ساتھ مغربی ایشیاء کی صورتحال پر بات چیت کی ہے۔

3- بھارت کے پرچم بردار LPG ٹینکر 'گرین آشا' نے آبنائے ہُرمز پار کر لی ہے۔

4- ایئر انڈیا نے اسرائیل جانے والی اپنی پروازیں 31 مئی تک معطل کر دی ہیں۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایران، آبنائے ہُرمز کھولنے کی اُس کی منگل تک کی آخری مدّت پوری نہیں کرتا، تو وہ ایران کے بجلی پلانٹس اور پُل تباہ کر دیں گے۔

6- بھارت نے، افغانستان میں تازہ سیلاب اور زلزلوں کے بعد انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور قدرتی آفات کی صورت میں راحت کا سامان بھیجا ہے۔

7- اور IPL کرکٹ میں، رائل چیلنجرس بنگلورو نے، چنئی سُپر کنگس کو 43 رن سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Govt LPG Cylinders

حکومت نے، 5 کلو گرام کے چھوٹے LPG سلنڈرس کی فروخت میں اضافہ کر دیا ہے۔ یہ سلنڈرس، LPG ڈِسٹری بیوٹرس کے پاس دستیاب ہیں، جنہیں شناختی کارڈ دِکھا کر حاصل کیا جا سکتا ہے۔ حکومت نے یہ بھی کہا ہے کہ ایندھن کی بلا رکاوٹ سپلائی کو یقینی بنانے، سمندر میں جہازوں کی آمدورفت کا تحفظ کرنے اور مغربی ایشیاء میں بدلتی ہوئی صورتحال کے دوران بھارتی باشندوں کی مدد کو یقینی بنانے کے جامع اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Chirag

پیٹرولیم و قدرتی گیس کی وزارت نے کہا کہ 23 مارچ سے اب تک، 5 کلو گرام کے تقریباً 6 لاکھ 60 ہزار LPG سلنڈرس فروخت کیے جا چکے ہیں، جب سے حکومت نے مانگ پوری کرنے کیلئے سپلائی میں اضافہ کیا ہے۔
سبسڈی والے 14 کلو 20 گرام والے گھریلو سلنڈرس جن پر سبسڈی دی جاتی ہے، اُن کے مقابلے 5 کلو گرام کے سلنڈرس کی قیمت، مارکیٹ شرحوں کے مطابق طے کی گئی ہے اور اِنہیں نزدیک کے LPG ڈِسٹری بیوٹر سے حاصل کرنے کیلئے، پتے کے کسی ثبوت کی ضرورت نہیں ہے۔
وزارت نے بتایا کہ LPG ڈِسٹری بیوٹرس کے پاس کسی طرح کی قلت کی کوئی خبر نہیں ملی ہے اور 4 اپریل کو 51 لاکھ سے زیادہ گھریلو سلنڈرس تقسیم کیے گئے۔ آن لائن بُکنگ بھی، مجموعی مانگ کا 95 فیصد رہی۔
حکومت نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک میں پیٹرول، ڈیزل یا LPG کی کوئی قلت نہیں ہے۔ اُس نے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ دہشت میں آ کر خریداری نہ کریں۔ لوگوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ LPG بُکنگس کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر انحصار کریں اور ڈِسٹری بیوٹرس کے پاس غیر ضروری طور پر چکر نہ لگائیں۔
شہریوں کی حوصلہ افزائی بھی کی گئی ہے کہ وہ PNG الیکٹرک Cooktops اور انڈکشن چولہے جیسے کھانا پکانے کے متبادل طریقے اختیار کریں، تاکہ LPG کی مانگ کا بوجھ کم کیا جا سکے۔
سپلائی کے محاذ پر، ریفائنریز اپنی زیادہ سے زیادہ صلاحیت بروئے کار لا رہی ہیں۔ یہاں خام تیل کے وافر ذخیرے موجود ہیں اور گھریلو LPG پیداوار میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔
ریاستوں کو اضافی طور پر کیروسین دیا جا رہا ہے، تاکہ لازمی ضروریات پوری کی جا سکیں۔ حکام نے بتایا ہے کہ ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکٹنگ پر قابو پانے کیلئے قریبی نظر رکھی جا رہی ہے اور کچھ اقدامات بھی لاگو کیے جا رہے ہیں۔
دلّی سے چراغ جھا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

<u>Delhi Govt LPG</u>

دلی سرکار نے گوداموں سے براہِ راست LPG سلینڈرس کی فروخت پر مکمل پابندی عائد کردی ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Aditya

*حکومت نے LPG کو زیادہ قابلِ رسائی بنانے کیلئے شہر بھر میں 5 کلوگرام کے سلنڈرز کی دستیابی بڑھا دی ہے، خاص طور پر اُن لوگوں کے لیے جن کے پاس مناسب پتہ کا ثبوت نہیں ہوتا ہے۔*

نقلِ مکانی کرنے والے ورکروں کی مدد کیلیے، ہندستان پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ کے چنندہ مراکز پر 11 ہیلپ ڈیسک قائم کیے گئے ہیں۔ یہ ڈیسک لوگوں کو قریبی LPG ڈسٹری بیوٹرز اور آسانی سے سلنڈر حاصل کرنے کے طریقے کے بارے میں رہنمائی فراہم کریں گے۔

وزیرِ اعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا ہے کہ حکومت LPG کی فراہمی کی مسلسل نگرانی کر رہی ہے تاکہ کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہو۔ انہوں نے شہریوں کو مشورہ دیا کہ وہ گیس ایجنسیوں پر نہ جائیں، کیونکہ تمام بک کیے گئے سلنڈرز بروقت گھروں تک پہنچائے جا رہے ہیں۔

وزیرِ اعلیٰ نے شہریوں کو یقین دلایا کہ دلی میں LPG کی سپلائی مستحکم ہے۔ وزیرِ اعلیٰ کے دفتر کے مطابق، 4 اپریل سے اب تک دلی میں 1 لاکھ 14 ہزار سے زیادہ LPG بکنگز ہو چکی ہیں، جبکہ 1 لاکھ 31 ہزار سے زیادہ سلنڈرز کی سپلائی کی جا چکی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ زیرِ التواء آرڈرز بھی مکمل کیے جا رہے ہیں۔ وزیرِاعلیٰ کے دفتر نے مزید بتایا کہ اس وقت گھریلو LPG سلنڈرز کی اوسط سپلائی کا وقت چار سے ساڑھے چار دن ہے، جو صارفین کو بروقت اور قابلِ اعتماد سروس فراہم کرنے کو یقینی بناتا ہے۔

دلی سے ادتیہ پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...............

Jaishankar

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل ایران کے وزیرِ خارجہ عباس عراقچی اور قطر کے وزیرِ اعظم شیخ محمد بن عبدالرحمٰن بن جاسم الثانی سے بات چیت کی۔ انہوں نے مغربی ایشیا میں جاری تنازع کی موجودہ صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے متحدہ عرب امارات کے وزیرِ خارجہ شیخ عبداللہ بن زائد النہیان سے بھی فون پر گفتگو کی۔ باور کیا جاتا ہے کہ بات چیت کے دوران عالمی توانائی سپلائی پر اِس تنازع کے اثرات نمایاں طور پر زیرِ بحث آئے۔ مغربی ایشیا کے تین ملکوں کے رہنماؤں سے ڈاکٹر جے شنکر نے یہ فون کالز ایسے وقت کیں جب خاص طور پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کو دوبارہ دھمکی دینے کے بعد خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز کو تقریباً بند کرنے کے بعد عالمی سطح پر تیل اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ دنیا کے تقریباً 20 فیصد تیل اور رقیق قدرتی گیس LNG کی فراہمی آبنائے ہرمز کے راستے ہوتی ہے۔ مغربی ایشیا بھارت کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کا ایک بڑا ذریعہ رہا ہے۔x

Air India -Israel

مغربی ایشیاء میں جاری جنگ کے دوران، ایئر انڈیا نے اسرائیل کیلئے اپنی پروازیں معطل کر دی ہیں۔ ایئر انڈیا کے ایک افسر نے بتایا کہ ایئر لائن نے نئی دلّی اور تل ابیب کے راستے پر چلنے والی پروازوں کو 31 مئی تک روک دیا ہے۔

زیادہ تر سرکردہ بڑی کمپنیوں نے تل ابیب کے راستے پر اپنی پروازوں کو معطل کر رکھا ہے، جبکہ اسرائیلی کمپنیاں، سخت بندشوں کے دوران اپنی پروازیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

پروازوں کی اِس معطّلی سے اسرائیل میں موجود اُن 40 ہزار سے زیادہ بھارتی افراد میں، بڑے پیمانے پر تشویش پائی جاتی ہے، جو بھارت آنے کے خواہشمند ہیں۔

تل ابیب میں بھارتی مشن، اُن لوگوں کی مدد کر رہا ہے، جو مختلف ذرائع سے بھارت واپس آنا چاہتے ہیں۔ سفارتخانہ بھی اِس مدّت کے دوران بھارتی برادری کے افراد کے ساتھ لگاتار رابطہ رکھے ہوئے ہے، جس کے تحت ایک ہمہ وقت ایمرجنسی لائن سرگرم ہے اور بڑے پیمانے پر رجسٹریشن کا کام بھی شروع کر دیا گیا ہے۔×

Trump - Iran

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایران معمول کی جہاز رانی کیلئے، آبنائے ہُرمز کھولنے کی، منگل کی آخری مدّت کو پورا نہیں کرتا، تو وہ ایران کے بجلی پلانٹس اور پُلوں کو تباہ کر دے گا۔ انہوں نے جہنم بنا دینے کی اپنی پہلے کی دھمکی کو دوہرایا ہے، البتہ انہوں نے امریکی میڈیا سے کہا کہ ایران کے ساتھ ایک معاہدہ کرنے کا یہ اچھا موقع ہے۔

ایران نے آبنائے ہُرمز کے راستے معمول کی آمدورفت روک رکھی ہے، جس کی وجہ سے تیل کی عالمی قیمتیں آسمان چھو رہی ہیں اور دنیا بھر میں افراطِ زر کے خدشات پیدا ہو گئے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vinod

*اب دنیا کی توجہ ایران کی طرف ہے کہ وہ آبنائے ہُرمز کھولنے کی آخری مدّت پوری کرتا ہے یا نہیں، کیونکہ امریکہ نے اُسے، اِس کیلئے 48 گھنٹے کا الٹی میٹم دیا ہوا ہے۔ اِس آخری مدّت کے ختم ہونے میں محض چند گھنٹے رہ گئے ہیں اور اگر کوئی معاہدہ نہ ہوا، تو کشیدگی میں اضافے کا امکان ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ یہ آخری مدّت پیر تک پورا کیے جانے کا ایک اچھا موقع ہے، جس سے*

*یہ اشارہ ملتا ہے کہ اِس شدید کشیدگی کے باوجود سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ البتہ ایران نے اِس الٹی میٹم کو مسترد کر دیا اور وارننگ دی ہے کہ وہ دباؤ میں آکر مذاکرات نہیں کرے گا۔ آبنائے ہُرمز، توانائی کی عالمی سپلائی کیلئے اہم ہے، کیونکہ دنیا بھر کے تیل کا ایک بڑا حصہ اسی تنگ راستے سے ہوکر گزرتا ہے۔*

*اِن لگاتار رکاوٹوں کے سبب توانائی کی مارکیٹ میں ایک بحران پیدا ہو چکا ہے اور اندیشہ ہے کہ معیشت پر اِس کے اور بھی گہرے اثرات مرتب ہو جائیں۔*

*آئندہ چند گھنٹے کافی اہم ہیں، کیونکہ اگر آخری مدت پوری نہ کی گئی تو اِس سے مزید فوجی کارروائی کا موقعہ ملے گا اور مغربی ایشیاء میں عدم استحکام کا سلسلہ طویل ہو جائے گا۔*

*دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کی ساتھ خبرنامے کیلئے میں............*

اسی دوران اوپیک اور متعلقہ ملکوں نے ایک اہم میٹنگ کا انعقاد کیا اور تیل کی پیداوار کا کوٹہ، مئی کے دوران روزانہ 2 لاکھ 6 ہزار بیرلس تک بڑھانے سے اتفاق کیا ہے۔ اِس قدم کا مقصد عالمی منڈی میں استحکام پیدا کرنا ہے۔ البتہ ہو سکتا ہے کہ تیل کی پیداوار میں اضافے کے اثرات، جہازوں کے راستوں میں رکاوٹ اور توانائی سے متعلق علاقائی بنیادی ڈھانچے کے نقصان کے سبب محدود رہیں۔×

<u>Oman - Iran Talks</u>

Oman اور ایران نے آبنائے ہُرمز کے سمندری راستے میں کچھ آسانی پیدا کرنے کے بارے میں بات چیت کی ہے، کیونکہ مغربی ایشاء میں جاری جنگ کے دوران جہاز رانی کے اہم بنیادی راستے بند ہیں۔ دونوں ملکوں کے افسران نے تکنیکی ماہرین سے ملاقات کی، تاکہ اِس اہم آبی گزرگاہ کے راستے جہازوں کے محفوظ طریقے سے گزرنے کو بحال کرنے کے متبادل تلاش کیے جائیں۔

ایران نے، Oman کے ساتھ، جہازوں کی آمدورفت کو ضابطے میں لانے کیلئے، جنگ کے بعد کے سمندری طور طریقوں کی بھی تجویز پیش کی ہے، جبکہ ایران کی ایک پارلیمانی کمیٹی نے حال ہی میں ٹول نافذ کرنے اور امریکی اور اسرائیلی جہازوں کو آبنا سے گزرنے دینے پر بندش لگانے کیلئے ووٹ دیا تھا۔×

<u>BREAK</u>

<u>یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

GONG

MEA fghanistan

بھارت نے افغانستان کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور آفات سے نمٹنے کیلئے راحت کا سامان بھیجا ہے، جسے اِس وقت حالیہ سیلاب اور زلزلے کی وجہ سے مشکل صورتحال کا سامنا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ اس امداد میں، رسوئی سیٹ، حفظانِ صحت کٹس، پلاسٹک شیٹس، ترپالیں، سلیپنگ بیگز اور دیگر ضروری اشیاء شامل ہیں۔ وزارت نے مزید کہا کہ بھارت، افغانستان کے عوام کے ساتھ ہے اور اس مشکل وقت میں انسانی ہمدردی کی بنیا پر امداد اور تعاون فراہم کرنے کے لیے مکمل طور پر پُرعزم ہے۔x

Election Campaigning

چار ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام ایک علاقے میں اسمبلی انتخابات کے لیے چناؤ مہم تیز ہو گئی ہے۔ تمام سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے ریلیاں کر رہے ہیں۔

وزیرِ اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی آج آسام میں تین انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جناب مودی کل شام گوہاٹی پہنچے۔ وہ اپنی انتخابی مہم کا آغاز Bajali ضلع کے بھوانی پور-سوربھوگ سے کریں گے۔ اس کے بعد وہ Hojai اور پھر ڈبروگڑھ میں جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم ایک ہی دن میں ریاست کے اہم علاقوں کا احاطہ کریں گے۔ اس سے قبل، جناب مودی نے کل شمالی بنگال کے کوچ بہار ضلعے میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کیا۔ انہوں نے حکمراں ترنمول کانگریس حکومت کی نکتہ چینی کرتے ہوئے ریاست میں بدامنی اور بدانتظامی کو اجاگر کیا۔

S/B PM Modi Hostage Bengal

اُدھر، ترنمول کانگریس کی سربراہ اور ریاست کی وزیرِ اعلیٰ ممتا بنرجی نے بھی کل مغربی بنگال کے مختلف حصوں میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ کانگریس، بائیں بازو اور دیگر سیاسی پارٹیاں بھی ریاست بھر میں عوامی جلسوں کے ذریعے اپنی مہم تیز کر رہی ہیں۔

پدوچیری میں بھی، انتخابی مہم اپنے آخری مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ سرکردہ قومی رہنما آج پدوچیری میں موجود ہیں۔ یہ رہنما اپنی اپنی پارٹی کے امیدواروں کی حمایت کیلئے اہم حلقوں میں روڈ شوز اور عوامی میٹنگیں کر رہے ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Bibin S Nath

*BJP کے قومی صدر نتن نبین، کل پدوچیری پہنچے۔ انھوں نے Manavely حلقے میں بی جے پی کے امیدوار آر سیلوَم کی حمایت کے لئے انتخابی مہم میں حصہ لیا۔ انہوں نے BJP کے ریاستی ہیڈکوارٹر میں ایک تنظیمی میٹنگ میں بھی شرکت کی۔*

*کانگریس کے سینئر رہنما اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی آج پدوچیری پہنچ رہے ہیں۔ وہ ECR روڈ پر واقع Annai Thidal میں جلسۂ عام سے خطاب کریں گے اور سیکولر ترقی پسند اتحاد کے امیدواروں کی حمایت کے لیے لوگوں سے اپیل کریں گے۔ BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ دوپہر میں Thirukkanur میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔ DMK کے سربراہ اور تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ M. K. Stalin بھی شام کے وقت پدوچیری میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔*

*پدو چیری سے جن ایس ناتھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ………*

<u>IPL</u>

IPL کرکٹ میں، کل رات بینگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈئم میں رائل چیلنجرس بینگلورو نے چنئی سپر کنگس کو 43 رن سے ہرایا۔ چنئی سپر کنگس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ رائل چیلنجرس بینگلورو نے مقررہ 20 اوورس میں تین وکٹ پر 250 رن بنائے۔ Tim David نے سب سے زیادہ 70 رن بنائے۔ جواب میں چنئی سپر کنگس کی ٹیم 19 اوورس چار گیندوں میں 207 رن ہی بنا سکی۔ Tim David کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج کے میچ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا۔x

<u>MUST ANNOUNCEMENT (People Padma)</u>

ہم اپنی سیریز ’’آکاشوانی پر لوگوں کے پدم‘‘ کی اگلی قسط میں، جناب نیلیش ونود چندر منڈلے والا سے بات چیت کریں گے۔ انہوں نے اعضا کے عطیے کے بارے میں بیداری لانے اور اِسے فروغ دینے کے میدان میں بڑا تعاون کیا ہے۔ جناب منڈلے والا کو سماجی کام کے میدان میں اُن کے تعاون پر باوقار پدم شری سے نوازا جائے گا۔

S/B - Nilesh Vinod Chandra Mandlewala

آپ اِس گفتگو کو آج 100 اعشاریہ ایک، آکاشوانی گولڈ پر صبح 9 بجکر 10 منٹ سے سُن سکتے ہیں۔

یہ پروگرام آپ NEWSONAIR ایپ اور NEWSONAIROFFICIAL یو ٹیوب چینل پر بھی سُن سکتے ہیں۔x

MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK New

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''نئے اِنکم ٹیکس قانون 2025'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، CBDT کے جوائنٹ سکریٹری پتامبر داس اور اقتصادی تجزیہ کار شرد کوہلی کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ -اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے مغربی بنگال میں وزیر اعظم نریندر مودی کی انتخابی ریلی سے متعلق خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

انتخابی کمیشن نے اسمبلی انتخابات سے قبل 650 کروڑ روپے ضبط کئے۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اپنے پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت نے تلنگانہ ہائی کورٹ زون-2 کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اس خبر کو اردو اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اِس بیان کو اخبارات نے اپنے پہلے صفحے پر نمایاں طور پر شائع کیا ہے کہ ''اگر آبنائے ہرمز کو نہ کھولا گیا تو آنے والا منگل ایران میں بجلی گھروں اور پلوں کی تباہی کا دِن ہوگا''۔

اس کے علاوہ آج کے اخبارات کی چند بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا، ’’ ایران کے اندر سے دوسرے امریکی پائلٹ کو بھی بحفاظت نکال لیا گیا۔

☆ لبنان میں اسرائیلی فوج کا بیروت کے جنوبی مضافات کے مکینوں کو علاقہ خالی کرنے کا حکم۔

☆ بنگلہ دیش میں خسرہ کے معاملوں میں تیزی سے اضافہ۔

☆ ایران میں 37 دِن سے انٹرنیٹ بند، دنیا کا طویل ترین قومی بلیک آؤٹ قرار۔

☆ کویت کی وزارت خزانہ اور آئل ریفائنری پر ڈرون حملے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت نے، مانگ پوری کرنے کیلئے 5 کلو گرام کے LPG سلنڈرس کی سپلائی میں اضافہ کر دیا ہے۔ حکومت نے کہا ہے کہ ایندھن کی بلا رکاوٹ سپلائی کو یقینی بنانے، سمندری سرگرمیوں کا تحفظ کرنے اور مغربی ایشیاء میں بھارتی باشندوں کی مدد کو یقینی بنانے کیلئے جامع اقدام کیے جا رہے ہیں۔

2- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے، ایران اور متحدہ عرب امارات کے اپنے ہم منصبوں اور قطر کے وزیر اعظم کے ساتھ مغربی ایشیاء کی صورتحال پر بات چیت کی ہے۔

3- بھارت کے پرچم بردار LPG ٹینکر ’گرین آشا‘ نے آبنائے ہُرمز پار کر لی ہے۔

4- ایئر انڈیا نے اسرائیل جانے والی اپنی پروازیں 31 مئی تک معطل کر دی ہیں۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایران، آبنائے ہُرمز کھولنے کی اُس کی منگل تک کی آخری مدّت پوری نہیں کرتا، تو وہ ایران کے بجلی پلانٹس اور پُل تباہ کر دیں گے۔

6- بھارت نے، افغانستان میں تازہ سیلاب اور زلزلوں کے بعد انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور قدرتی آفات کی صورت میں راحت کا سامان بھیجا ہے۔

7- اور IPL کرکٹ میں، رائل چیلنجرس بنگلورو نے، چنئی سُپر کنگس کو 43 رن سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------